روزنامہ (ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات 3 دسمبر 2009ء 15 ذوالحج 1430 ہجری 3 فتح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 271

حضرت موسیٰؑ کا حج

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے وادی ازرق سے گزرتے ہوئے فرمایا:۔

گویا میں موسیٰ کو دیکھ رہا ہوں۔ وہ چوٹی سے اتر رہے ہیں۔ انہوں نے انگلیاں کانوں میں ڈالی ہوئی ہیں۔ تلبیہ کے ذریعہ اللہ کے حضور گڑگڑا رہے ہیں۔

﴿صحیح مسلم کتاب الایمان باب الاسراء حدیث نمبر:241﴾

عیدالاضحیٰ حضرت ابراہیم، حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل علیہم السلام کی قربانیوں کی یاد کی عید ہے

قربانیوں کے گوشت اور خون نہیں بلکہ تمہارے دلوں کا تقویٰ اللہ تعالیٰ تک پہنچتا ہے

ایسی بامقصد قربانیوں کے لئے تیار ہوں جو توحید کے قیام، معاشرے کے حقوق، اتحاد اور امن قائم کرنے کے لئے ہوں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ عیدالاضحیٰ فرمودہ 28 نومبر 2009ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ عید الاضحی کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 28 نومبر 2009ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ عیدالاضحیٰ ارشاد فرمایا اور اس کے لئے آپ پاکستانی وقت کے مطابق ساڑھے تین بجے بیت الفتوح میں تشریف لائے۔ نماز عید پڑھائی اور پھر خطبہ عید کے لئے منبر پر کھڑے ہوئے۔ تشہد، تعوذ اور سورۃ الفاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا کہ آج اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمیں ایک اور عیدالاضحیٰ منانے کی توفیق عطا فرما رہا ہے۔ اضحیٰ قربانی کو بھی کہتے ہیں۔ اس عید میں حضرت ابراہیمؑ، حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل علیہم السلام کی قربانیوں کی یاد تازہ کرنے کے لئے حسب توفیق جانور کی قربانی کی جاتی ہے اور جنہیں توفیق ملتی ہے بیت اللہ کے حج کو بھی جاتے ہیں، یہ حج بھی اسی قربانی کی یاد میں ہے۔ پس عیدالاضحیٰ انہیں قربانیوں کی یاد کی عید ہے، نیز حج خدا تعالیٰ کی توحید کے قیام کے لئے ان تین بزرگوں کی قربانیوں کو خدا تعالیٰ کی نظر میں قبولیت کا مقام حاصل کرنے پر دنیا کو یہ بتانے کے لئے ہے کہ توحید کے قیام کے لئے بھی قربانیاں دینی پڑتی ہیں اور دینی چاہئیں۔ مومنین کی آپس کی محبت اور اکائی بھی صرف توحید سے وابستہ ہے اور اس کیلئے قربانی دینی پڑتی ہے، اگر تو اس اعلیٰ مقصد یعنی توحید کے قیام کے لئے حج کی ادائیگی کی جارہی ہے اور اگر اس اعلیٰ مقصد کے لئے دنیا بھر میں مومنین عید قربان مناتے ہیں، جانوروں کی قربانیاں بھی پیش کر رہے ہیں اور نماز عید بھی ادا کر رہے ہیں تو یقیناً ان قربانیوں کی یاد تازہ کر رہے ہیں جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم، حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل علیہم السلام کو چنا تھا، اگر یہ مقصد پیش نظر نہیں تو پھر یہ سب کچھ دنیاوی تہواروں کی طرح ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک دور دراز کے غریب آدمی کا حج صرف اس کی حج کی نیت پر اس لئے قبول کر لیا تھا کہ اس نے اپنے حج کے لئے جمع کئے ہوئے کئی سالوں کے زاد راہ کو اپنے ہمسائے کی بھوک مٹانے اور اس کا حق ادا کرنے کے لئے قربان کر دیا تھا۔ پس یہ مقام خدا تعالیٰ نے قربانیاں کرنے والوں کو دیا اور یہ مقام سارا سال بھی دوسروں کے حقوق ادا کرنے سے ایک مومن کو ملتا رہتا ہے۔ پس یہ وہ تقویٰ ہے جو اللہ تعالیٰ کے اولیاء اللہ تعالیٰ کے حقوق اور اس کے بندوں کے حقوق ادا کرنے کے لئے اپنے قول وفعل میں قائم کرتے ہیں اور یہی عمل صالح ہیں جو بندے کو خدا تعالیٰ کا قرب دلانے کا باعث بنتے ہیں اس مضمون کو قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے یوں بیان فرمایا ہے کہ یاد رکھو کہ قربانیوں کے گوشت اور خون اللہ تعالیٰ تک نہیں پہنچتے لیکن تمہارے دل کا تقویٰ اللہ تعالیٰ تک پہنچتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج عیدالاضحیٰ منانا ہم سب کیلئے اس عہد کی تجدید کا دن ہونا چاہئے کہ اے خدا حضرت ابراہیم، حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل علیہم السلام نے تیری رضا کے حصول کے لئے جس طرح کی قربانی کا معیار قائم کیا ہم بھی اسی طرح کی قربانی کے معیار حاصل کرنے کی کوشش کریں گے، ہم تیرا قرب پانے کے لئے اپنی جان، مال، وقت اور عزت کو قربان کرنے کے لئے ذرا سا بھی خیال دل میں لائے بغیر ہر وقت تیار ہیں۔ ہماری خواہشات ہماری قربانی پر حاوی نہیں ہوں گی۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کی دعاؤں کو سنتے ہوئے فرمایا کہ تمہاری نسل میں سے میں وہ عظیم نبی مبعوث کرنے والا ہوں جس نے پھر قربانیوں کے نئے باب رقم کرنے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے پھر حضرت ابراہیم کی نسل میں سے ایک ایسا وجود پیدا فرمایا جو کسی محدود قوم کی اصلاح کیلئے نہیں بلکہ پوری دنیا کی اصلاح کیلئے اور توحید دلوں میں بٹھانے کے لئے آیا۔ آج سب سے زیادہ جس نبی کا نام روزانہ لے کر اس پر درود بھیجا جاتا ہے وہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات بابرکات ہے کیونکہ آپؐ پر درود کی ہی وجہ سے آج ابوالانبیاء حضرت ابراہیم کو بھی یاد رکھا جاتا ہے اور وہ بھی اس درود کا حصہ بن گئے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج ہم احمدیوں نے حضرت مسیح موعود کی بیعت میں آکر دین حق کی حقیقی تعلیم کو اپنے پر لاگو کرتے ہوئے ایسی بامقصد قربانیاں دینی ہیں اور اس کے لئے اپنی نسلوں کو بھی تیار کرنا ہے جو توحید کے قیام کے لئے ہوں، خدا تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے کے لئے ہوں، دین حق کا جھنڈا دنیا میں گاڑنے کے لئے ہوں، معاشرے کے حقوق قائم کرنے کے لئے ہوں، آپس کے اتحاد کے لئے ہوں اور معاشرے کا امن قائم کرنے کے لئے ہوں۔

حضور انور نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر حاضرین سے مخاطب ہو کر جو خطبہ ارشاد فرمایا تھا وہ دنیا کے امن کے قیام کا ایک عظیم اعلان تھا۔ جس میں آپؐ نے فرمایا تھا کہ تمہارے خون، تمہارے مال تم پر اسی طرح حرام ہیں جس طرح اس

﴿باقی صفحہ 12 پر﴾

کیا آپ حقیقۃ الوحی کے امتحان کی تیاری کر رہے ہیں؟

﴿ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء﴾

طلباء وطالبات متوجہ ہوں

ایسے طلباء و طالبات جو اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بیرون پاکستان جانا چاہتے ہیں اور نظام جماعت سے قرض حسنہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ ان سے گزارش ہے کہ وہ بیرون پاکستان جانے سے پہلے نظارت تعلیم میں اپنے تعلیمی قرض حسنہ کے معاملات طے کروا کے جایا کریں۔ بعد میں اندرون پاکستان یا بیرون پاکستان دی جانے والی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔

فون: 047-6212473

﴿نظارت تعلیم﴾

بیوت الحمد گرلز ہائی سکول میں داخلہ

نظارت تعلیم کے زیر انتظام بیوت الحمد کالونی میں انگلش میڈیم گرلز ہائی سکول قائم کیا جا رہا ہے۔ سکول میں نہم اور دہم کلاسز میں آرٹس کے مضامین پڑھائے جائیں گے۔ جن میں کمپیوٹر سائنس بھی شامل ہے۔ سکول میں داخلہ جات مارچ 2010ء میں نئے تعلیمی سال کے آغاز سے ششم سے نہم کلاس تک کئے جائیں گے۔ داخلہ حسب قواعد ٹیسٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ داخلہ کی خواہشمند طالبات اور ان کے والدین سے درخواست ہے کہ ٹیسٹ میں شامل ہونے والے کیلئے اپنا نام بیوت الحمد پرائمری سکول میں صبح 8 سے 10 بجے تک درج کروائیں۔

رجسٹریشن کی آخری تاریخ 31 جنوری 2010ء ہے۔

﴿نظارت تعلیم﴾

حقیقۃ الوحی پرچہ نمبر 8 بابت مطالعہ صفحہ 570 تا 739

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء)

ایک دفعہ جوامتحان لینے کی تجویز کی گئی تھی، بہت ضروری تھی اس کا ضرور بندوبست ہونا چاہئے۔ حقیقۃ الوحی اس مطلب کیلئے بہت مفید کتاب ہے

(ملفوظات جلد 5 صفحہ 212)

ہدایات: ① پرچہ نمبر 8 ایسے احباب کے لئے شائع کیا جارہا ہے جو پرچہ نمبر 4 حل کر کے نہیں بھجوا سکے۔ چونکہ شروع میں کتابیں مہیا نہیں تھیں اس لئے جو احباب پرچہ حل کر کے نہیں بھجوا سکے تھے ان کی سہولت کے لئے یہ پرچہ شائع کیا جارہا ہے۔ ② مکمل کتاب کا پرچہ انشاء اللہ تعالیٰ جنوری 2010ء میں ہوگا۔ اس کے لئے بھرپور تیاری جاری رکھیں۔ ③ یہ پرچہ 12 دسمبر 2009ء تک نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ کو بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ پرچہ ایک سادہ کاغذ پر حل کر کے اپنی مقامی جماعت کے مربی صاحب یا سیکرٹری صاحب اصلاح وارشاد کو بھی جمع کروا سکتے ہیں۔ نیز بذریعہ فیکس نمبر: 047-6213590 ای میل: nazarat.markazia@gmail.com بھی بھجوا سکتے ہیں۔

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

پرچہ حل کرنے والے کا نام .... ولدیت/زوجیت .... ذیلی تنظیم ....
نام جماعت/حلقہ .... ضلع .... پتہ .... دستخط مع تاریخ ....

1۔ حضرت مسیح موعود کے نشانوں کے بارہ میں اعتراضات تین قسموں سے باہر نہیں۔ وضاحت کیجئے؟

....
....
....

2۔ حضور کی دعا سے سید ناصر شاہ صاحب نے کیا نشان دیکھا؟

....
....
....
....

3۔ شبھ چنتک کیا ہے اور اس کے ذریعہ سے کیا نشان ظاہر ہوئے؟

....
....
....
....

4۔ خدا کی شریعت کے کتنے ٹکڑے ہیں اور کیا ہیں۔ یہ خطاب کس قوم کو ہے؟

....
....
....

5۔ علماء کی کیا رہنمائی کی گئی ہے اور کیا مشورہ دیا گیا ہے؟

....
....
....
....
....

6۔ ''دعوت حق'' کیا ہے اور کس قوم کو دی گئی؟

....
....
....

7۔ ابوالحسن پر کیا گذری اور کیوں گذری؟

....
....
....
....
....

8۔ عبادالرحمان کی نسبت پیشگوئیوں اور علامات کے بارہ میں احتیاط کی کیوں ضرورت ہے؟

....
....
....
....

9۔ اردو نظم میں کس چیز سے انذار ہے اور کیا دعا کی گئی ہے؟

....
....
....
....

10۔ نکتہ قابل یادداشت کیا ہے؟

....
....
....
....
....

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ۔ مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) ۔ قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

ہم انگریزی کیوں سیکھتے ہیں؟

اس کا مقصد حصول علم اور دنیا بھر میں حق کی اشاعت ہے

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:۔

کیا وہ لوگ جو علم رکھتے ہیں اور وہ جو علم نہیں رکھتے برابر ہو سکتے ہیں؟ یقیناً عقل والے ہی نصیحت پکڑتے ہیں۔ (زمر:10)

حصول علم کی خاطر خود خدا نے ہمیں جو دعا سکھائی وہ یہ ہے کہ

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا (طٰہٰ:115)

ترجمہ: اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اُطْلُبُوا الْعِلْمَ مِنَ الْمَھْدِ اِلَی اللَّحْدِ

(تفسیر حقی تفسیر سورۃ کہف آیت 66)

ترجمہ: پنگھوڑے سے لے کر قبر تک علم حاصل کرو۔

ہر ایک کے لئے ضروری ہے کہ وہ علم حاصل کرے۔

پھر فرمایا: حکمت اور دانائی کی بات مومن کا گمشدہ سرمایہ ہے جہاں کہیں وہ اس کو پاتا ہے وہ اس کو اپنانے اور قبول کرنے کے لئے تیار ہوتا ہے۔

(ابن ماجہ ابواب الزھد باب الحکمۃ)

یہ تمام احادیث واضح طور پر بیان کرتی ہیں کہ علم کے حصول کی خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت تلقین فرمائی ہے۔ اب جہاں تک انگریزی تعلیم کا سوال ہے کہ وہ ہم کیوں حاصل کرتے ہیں اس کا کیا فائدہ؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ علم کے حصول میں ہر وہ بات جاننے کا مفہوم ہے جو رائج الوقت ہو۔ خواہ وہ کوئی زبان ہو یا کوئی اور علم۔

خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین جانا پڑے۔

(شعب الایمان ۔ البیہقی جز3 صفحہ 193 حدیث 1543)

اس بات کی وضاحت کر رہا ہے کہ دوسرے علاقوں میں جا کر علوم سیکھنا بھی ضروری ہے اور دوسرے علاقوں کے علوم سیکھنے کے لئے زبانوں کا سیکھنا تو لازم امر ہے۔ اس کے بغیر نہ بات ہو سکتی ہے نہ حصول علم۔ پس دیگر زبانیں سیکھنا بھی ضروری ہے۔

حضرت زید بن ثابتؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سریانی زبان سیکھنے کا حکم فرمایا اور ایک روایت میں ہے کہ رسولؐ اللہ نے مجھے فرمایا یہودیوں کی خط و کتابت کی زبان سیکھو کیونکہ مجھے یہودیوں پر اعتبار نہیں کہ وہ میری طرف سے کیا لکھتے ہیں اور کیا کہتے ہیں۔ زید کہتے ہیں کہ پندرہ دن ہی گزرے تھے کہ میں نے سریانی میں لکھنا پڑھنا سیکھ لیا۔ اس کے بعد جب بھی رسولؐ اللہ کو یہود کی طرف کچھ لکھنا ہوتا تو مجھ سے لکھواتے اور جب ان کی طرف سے کوئی خط آتا تو میں رسولؐ اللہ کو پڑھ کر سناتا۔

(ترمذی ابواب الادب باب ماجاء فی تعلیم السریانیۃ)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''میرا مدعا اس قدر ہے کہ آپ لوگ تدبیر کریں خواہ کسی پہلو پر صاد کیا جاوے مگر یہ ہو کہ چند سال میں ایسے نوجوان نکل آویں جن میں علمی قابلیت ہو اور وہ غیر زبان کی واقفیت بھی رکھتے ہوں اور پورے طور پر تقریر کر کے (دین) کی خوبیاں دوسروں کے ذہن نشین کر سکیں۔ میرے نزدیک غیر زبانوں سے اتنی ہی مراد نہیں کہ صرف انگریزی پڑھ لیں۔ نہیں اور زبانیں بھی پڑھیں اور سنسکرت بھی پڑھیں تا کہ ویدوں کو پڑھ کر ان کی اصلیت ظاہر کر سکیں۔ اس وقت تک وید گویا مخفی پڑے ہوئے ہیں۔ کوئی ان کا مستند ترجمہ نہیں۔ اگر کوئی کمیٹی ترجمہ کر کے صاد کر دے تو حقیقت معلوم ہو جاوے۔

اصل بات یہ ہے کہ میں چاہتا ہوں کہ (دین) کو ان لوگوں اور قوموں میں پہنچایا جاوے جو اس سے محض ناواقف ہیں اور اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ جن قوموں میں تم اُسے پہنچانا چاہو اُن کی زبانوں کی پوری واقفیت ہو۔ ان کی زبانوں کی واقفیت نہ ہو اور ان کی کتابوں کو پڑھ نہ لیا جاوے تو مخالف پورے طور پر عاجز نہیں ہو سکتا''۔ (ملفوظات جلد چہارم صفحہ 619)

''مجھے اپنی اولاد کے لئے یہ خیال ہے کہ ان کی شادیاں ایسی لڑکیوں سے ہوں کہ انہوں نے دینی علوم اور کسی قدر عربی اور فارسی اور انگریزی میں تعلیم پائی ہو اور بڑے گھروں کے انتظام کرنے کے لئے عقل اور دماغ رکھتی ہوں سو یہ سب باتیں کہ علاوہ اور خوبیوں کے یہ خوبی بھی ہو۔ خدا تعالیٰ کے اختیار میں ہیں۔''

(بحوالہ سیرت المہدی حصہ اول صفحہ 19)

براہین کی اشاعت کے بعد حضرت مسیح موعود نے بیس ہزار اردو اور انگریزی اشتہاروں کے ذریعہ دنیا کے تمام ممالک میں اپنی ماموریت کا اعلان فرمایا۔

(سیرت المہدی حصہ اول صفحہ 94)

مولوی الٰہی بخش صاحب کی سعی سے جو چیف محرر مدارس تھے۔ (اب اس عہدہ کا نام ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس ہے) کچہری کے ملازم منشیوں کے لئے ایک مدرسہ قائم ہوا کہ رات کو کچہری کے ملازم منشی انگریزی پڑھا کریں۔ ڈاکٹر امیر شاہ صاحب اسسٹنٹ سرجن پنشنر استاد مقرر ہوئے۔ حضرت مسیح موعود نے بھی انگریزی شروع کی اور ایک دو کتابیں انگریزی کی پڑھیں۔ (سیرت المہدی حصہ اول صفحہ 141)

حضرت مولوی شیر علی صاحب فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت مسیح موعود نے بیان فرمایا کہ ہمیں یہ خیال آیا تھا کہ دعوت الی اللہ کے لئے انگریزی کے سیکھنے کی طرف توجہ کریں اور ہمیں امید تھی کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل سے ہمیں اس کا علم عطا کر دے گا۔ بس صرف ایک دو رات دُعا کی ضرورت تھی۔ لیکن پھر یہ خیال آیا کہ مولوی محمد علی صاحب اس کام میں لگے ہوئے ہیں اور ان کی انگریزی کی تعریف بھی کی جاتی ہے۔ اس لئے ہماری توجہ اس امر کی طرف سے ہٹ گئی۔ (سیرت المہدی حصہ اول صفحہ 357)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:

''طلوع شمس کا جو مغرب کی طرف سے ہوگا ہم اس پر بہر حال ایمان لاتے ہیں لیکن اس عاجز پر جو ایک رؤیا میں ظاہر کیا گیا وہ یہ ہے کہ جو مغرب کی طرف سے آفتاب کا چڑھنا یہ معنی رکھتا ہے کہ ممالک مغربی جو قدیم سے ظلمت کفر وضلالت میں ہیں آفتاب صداقت سے منور کئے جائیں گے اور ان کو (دین) سے حصہ ملے گا اور میں نے دیکھا کہ میں شہر لنڈن میں ایک منبر پر کھڑا ہوں اور انگریزی زبان میں ایک نہایت مدلّل بیان سے (دین) کی صداقت ظاہر کر رہا ہوں۔ بعد اس کے میں نے بہت سے پرندے پکڑے جو چھوٹے چھوٹے درختوں پر بیٹھے ہوئے تھے اور ان کے رنگ سفید تھے اور شاید تیتر کے جسم کے موافق ان کا جسم ہو گا۔ سو میں نے اس کی یہ تعبیر کی کہ اگرچہ میں نہیں مگر میری تحریریں ان لوگوں میں پھیلیں گی اور بہت سے راستباز انگریز صداقت کا شکار ہو جائیں گے۔ درحقیقت آج تک مغربی ملکوں کی مناسبت دینی سچائیوں کے ساتھ بہت کم رہی ہے گویا خدائے تعالیٰ نے دین کی عقل تمام ایشیا کو دے دی اور دنیا کی عقل تمام یورپ اور امریکہ کو۔ نبیوں کا سلسلہ بھی اول سے آخر تک ایشیا کے ہی حصہ میں رہا اور ولایت کے کمالات بھی انہی لوگوں کو ملے۔ اب خدا تعالیٰ ان لوگوں پر نظر رحمت ڈالنا چاہتا ہے۔

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 377,376)

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:

''ہمارے اختیار میں ہو تو ہم فقیروں کی طرح گھر بہ گھر پھر کر خدا تعالیٰ کے سچے دین کی اشاعت کریں اور اس ہلاک کرنے والے شرک اور کفر سے جو دنیا میں پھیلا ہوا ہے لوگوں کو بچا لیں۔ اگر خدا تعالیٰ ہمیں انگریزی زبان سکھا دے تو ہم خود پھر کر اور دورہ کر کے ...... کریں اور اسی ...... میں زندگی ختم کر دیں خواہ مارے ہی جاویں۔

(ملفوظات جلد دوم۔ صفحہ 219۔ الحکم 10 جولائی 1902ء)

حضرت مسیح موعود کو جو الہامات ہوئے ان میں سے پچیس الہامات انگریزی زبان میں تھے۔

ایک مشہور الہام درج ذیل ہیں۔

I shall give you a large party....

(براہین احمدیہ حصہ چہارم۔ روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 664)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول عیسائیوں کے اصل زبان کو چھوڑ کر صرف ترجمہ کو اختیار کرنے کے نقصانات کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

انسان ہر روز علم کا محتاج ہے۔ سچائی انسان کے قلب پر علم کے ذریعہ سے ہی اثر کرتی ہے۔ پس جو علم نہیں سیکھتا اس پر جہالت آتی ہے اور دل سیاہ ہو جاتا ہے۔...... حدیث میں آیا ہے کہ ضالّ نصاریٰ ہیں۔ دیکھ لو انہوں نے اپنی آسمانی کتاب کو کس طرح اپنے تصرف میں لا کر ترجمہ در ترجمہ، ترجمہ در ترجمہ کیا ہے کہ اب اصل زبان کا پتہ ہی نہیں لگتا۔ صاف بات ہے کہ ترجمہ تو خیال ہے مترجم کا۔ غرض الٰہی اور کتب سماوی میں انہوں نے ایسا تصرف کیا اور جہالت کا کام کیا ہے کہ وہ اصل الفاظ اب ملنے ہی محال ہیں۔

(حقائق الفرقان جلد چہارم صفحہ 560)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہمیں خود اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوانوں کی ضرورت ہے ...... جنہیں ہم غیر ممالک میں (دعوت الی اللہ) کے لئے بھیج سکیں اور وہ وہاں کے علوم اور زبانیں سیکھ کر (دعوت الی اللہ) کریں۔ اس تھوڑے عرصہ میں ہمارے علماء کو یہ فوقیت حاصل ہو جائے گی کہ وہ عالم ہونے کے ساتھ مختلف زبانیں بھی جانتے ہوں گے اور وہ مختلف زبانوں میں لیکچر دے سکیں گے۔ تعلیم یافتہ طبقہ پر غیر زبان جاننے کا بہت اثر ہوتا ہے اور جو شخص دو چار غیر ملکی زبانیں جانتا ہو اس کے متعلق تو یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ بہت بڑا عالم ہے اسے فلاں فلاں زبان بھی آتی ہے حضرت مسیح کا ایک معجزہ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ان کے حواری غیر زبانوں میں باتیں کرتے تھے۔ اگر ہمارے نوجوان بھی غیر ممالک میں جائیں اور غیر زبانیں سیکھیں تو وہ ...... حواریوں سے یقیناً بڑھ جائیں اور یہ صورت تبھی پیدا ہو سکتی ہے جب کہ ہماری جماعت میں کثرت سے گریجوایٹ بنیں اور ان سے ہمیں سینکڑوں گریجوایٹ (دعوت الی اللہ) کے کام کے لئے مل جائیں۔......

اس بات کی ضرورت ہے کہ ہمارے طالب علم بہت بلند خیال اور عالی حوصلہ ہوں۔ وہ سمجھ لیں کہ وہ دنیا میں بہت بڑے کام سرانجام دینے کے لئے پیدا ہوئے ہیں''۔ (مشعل راہ جلد اول صفحہ 468,467)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث انگریزی دانوں کو وقف کی تحریک کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

ہمیں ان بڑی عمر کے احمدیوں کی ضرورت ہے جو اگرچہ جامعہ احمدیہ یا اس قسم کے کسی ادارہ میں تو نہ پڑھے ہوں لیکن اُن کی زندگی صحیح اور حقیقی (دین حق

کے مطالعہ میں خرچ ہوئی ہو اور جن کے دل خدا تعالیٰ کی محبت سے معمور ہوں اور جن کا اپنے رب سے اخلاص کا تعلق ہو اور جن کی ہمت جوان ہو......ایسے لوگ اپنی زندگیوں کو وقف کریں تا کہ ہم اُنہیں ان ممالک میں بھجوا سکیں۔ ایسے لوگ جن کی خصوصیات اور اہلیت کے کچھ پہلو تو میں نے ابھی بتائے ہیں لیکن زبان کے لحاظ سے انہیں انگریزی زبان اچھی طرح آنی چاہئے کیونکہ یہ ہر جگہ غیر ممالک میں کام دے جاتی ہے۔ انہیں وقف کرنا چاہئے‘‘۔

(خطبات ناصر جلد پنجم صفحہ 396)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع بیان فرماتے ہیں:۔

’’یورپ کے دورہ میں میں نے بڑی شدت سے یہ محسوس کیا کہ جماعت احمدیہ میں غیر زبانیں یعنی اردو کے علاوہ دوسری زبانیں جاننے والے بہت کم لوگ موجود ہیں......ہمارے پاس ایسے نوجوان نہیں ہیں جو مختلف زبانیں جانتے ہوں......اردو اور عربی تو جانتے ہیں لیکن انگریزی یا فارسی یا لاطینی یا سپینش یا اٹالین یا فرنچ زبانیں نہیں جانتے۔......ہمیں تو ایسے ماہرین کی ضرورت ہے جو دونوں تینوں زبانیں بیک وقت جانتے ہوں۔‘‘

(مشعل راہ جلد سوم صفحہ 97)

اسی طرح آپ فرماتے ہیں:۔

’’آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے علم کے حصول پر بہت زور دیا اور علم کے متعلق نصیحتیں فرمائیں۔ اس وجہ سے صحابہؓ علم میں بہت دلچسپی لیتے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت پر صحابہؓ نے Greek یعنی یونانی اور دوسری زبانیں سیکھنی شروع کر دیں۔ چنانچہ مسلمانوں کے علمی دور کا آغاز آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے ہوا ہے‘‘۔

(مشعل راہ جلد سوم صفحہ 116)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

’’وہ واقفین نو جو شعور کی عمر کو پہنچ چکے ہیں اور جن کا زبانیں سیکھنے کی طرف رجحان بھی ہے اور صلاحیت بھی ہے۔ خاص طور پر لڑکیاں۔ وہ انگریزی، عربی، اردو اور ملکی زبان جو سیکھ رہی ہیں جب سیکھیں تو اس میں اتنا عبور حاصل کرلیں، (میں نے دیکھا ہے کہ زیادہ تر لڑکیوں میں زبانیں سیکھنے کی صلاحیت ہوتی ہے) کہ جماعت کی کتب اور لٹریچر وغیرہ کا ترجمہ کرنے کے قابل ہو سکیں تبھی ہم ہر جگہ نفوذ کر سکتے ہیں۔‘‘

(خطبات مسرور جلد دوم صفحہ 419,418)

مندرجہ بالا تمام حوالہ جات سے واضح طور پر ثابت ہے کہ اشاعت حق کے لئے دوسری زبانیں سیکھنا نہ صرف درست ہے بلکہ ضروری ہے اور انگریزی چونکہ عالمی حیثیت اختیار کر چکی ہے اور تقریباً دنیا کے ہر ملک میں بولی اور سمجھی جاتی ہے اس لئے اس کا جاننا بھی ضروری ہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی ایمان افروز سوانح عمری

مرقاۃ الیقین کے آخری حصہ سے پُر لطف واقعات و فرمودات کا انتخاب

مرسلہ: مکرم پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

اخلاص کا کمال

(4فروری 1912ء)

میں نے جموں میں بہت درس دیئے ہیں۔ میں اپنی جیب سے بہت سے روپے بھی اس کام کے لئے خرچ کرتا تھا۔ پھر مجھ کو خدائے تعالیٰ نے سمجھایا کہ ہم تیرے لئے دوسری صورت پیدا کردیں گے۔ اب میں کچھ زیادہ روپیہ بھی خرچ نہیں کرتا۔ اخلاص ایسی چیز ہے کہ یا تو میں ہزاروں روپے خرچ کرکے بعض نوجوانوں کو بنانا چاہتا تھا یا اب میں ایسے نوجوانوں کو جانتا ہوں جو مجھ پر جان بھی دینے کو تیار ہیں اور بالکل میرے جانگداز عاشق ہیں۔

ناحق مخبری کرنا اللہ والوں کا شیوہ نہیں

(7فروری 1912ء)

ایک مرتبہ کشمیر میں ایک شخص میرے مکان پر آکر مقیم ہوا۔ بڑی بے تکلف اور محبت کی باتیں کرتا تھا۔ بظاہر غریب آدمی معلوم ہوتا تھا۔ میں بھی اس سے محبت کرتا تھا۔ ایک روز موقع پاکر اس نے تنہائی میں مجھ سے کہا کہ حضرت! دس ہزار روپے دلائے دیتے ہیں چاہے نقد چاہے زمین۔ میں نے ہر چند غور کیا مگر کچھ سمجھ میں نہ آیا۔ آخر میں نے ہنس کر کہا کہ کچھ کھول کر کہو۔ کہنے لگا کہ صرف اتنا کام ہے کہ رئیس کے متعلق یہ یہ باتیں ہیں ذرا ان کا پتہ لگاؤ۔ باقی آپ کو کام کچھ نہ کرنا پڑے گا وہ ہم خود کرلیں گے۔ صرف پتہ صحیح بتا دو اور فلاں مقام پر آپ سے ملنے کے لئے......آجائیں گے۔ میں نے اس سے کہا کہ مجھ کو ایسی باتوں سے دلچسپی نہیں۔ وہ اسی دن میرے یہاں سے چلا گیا۔ دوسرے کسی رئیس کے پاس گیا۔ وہاں جاکر کامیاب ہوگیا یا نہیں۔ اسی طرح ایک اور شخص میرے پاس بیمار بن کر آیا کہ میرے پاؤں میں درد ہے۔ میں ہر چند دوا دیتا لیکن درد نہ گھٹتا نہ بڑھتا۔ وہ ایک گدی نشین تھا۔ مجھ کو شبہ ہوا کہ یہ بھی اسی قسم کا آدمی ہے۔ میں نے اس کو تنہائی میں بلاکر پوچھا کہ تم اپنا اصل مدعا بتاؤ؟ کہنے لگا کہ تم بڑے چالاک ہو کہ میری اصل غرض سمجھ گئے۔ پھر صاف طور پر کہا کہ ہاں بات یہی ہے۔ تب ہی تو تمہارے پاس آئے ہیں۔ میں نے کہا کہ رئیس مجھ پر بھروسہ کرتا ہے میں ہرگز اس کی مخالفت میں کوئی کام نہ کروں گا۔

اپنی غرض کو بلایا ہے

(4مارچ 1908ء)

مہاراجہ کشمیر بارہا سر دربار تمام درباریوں کو مخاطب کرکے کہا کرتے تھے کہ تم سب اپنی اپنی غرض کو آکر میرے پاس جمع ہوگئے ہو اور میری خوشامد کرتے ہو۔ لیکن صرف ایک یہ شخص (میری طرف اشارہ کرکے) ہے، جس کو میں نے اپنی غرض کو بلایا ہے اور مجھ کو اس کی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔

دعا کرکے مقابلہ کرنا چاہئے

(16دسمبر 1911ء)

مجھ کو کسی سے خود کوشش کرکے مباحثہ کرنے کی نہ کبھی کوشش ہوئی اور نہ اب ہے۔ ہاں! جب کوئی مجبور ہی کردے اور گلے ہی میں آپڑے تو پھر خدائے تعالیٰ سے دعا مانگ کر مباحثہ کیا اور ہمیشہ کامیاب ہوا ہوں۔ تم لوگ اس کا تجربہ کرکے دیکھو ہاں انبیاء علیہم السلام معذور ہوتے ہیں۔ کیونکہ مامور ہوتے ہیں۔

قرآنی علوم کی برتری

(30جنوری 1912ء)

ایک مرتبہ ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ ہم تم کو عمل تسخیر بتائے دیتے ہیں میں نے کہا کہ قرآن کریم میں لکھا ہے (-) جو کچھ زمین و آسمان میں ہے ہم نے تمہارا مسخر بنا دیا ہے۔ اب اس سے زیادہ آپ مجھ کو کیا بتائیں گے؟ سن کر حیران سا رہ گیا۔

سات پسندیدہ میوے

(22جنوری 1912ء۔ 12بجے دن کے، مکان پر)

مجھ کو میووں میں سات میوے بہت پسند ہیں جن میں چار تو ہندوستان سے باہر کے ہیں اور تین ہندوستان کے۔ کھجور، انگور، انار، سیب، آم، کیلا جو چھوٹا ہوتا ہے، سنگترہ۔

ترک گناہ کا کامیاب علاج

(24مئی 1909ء)

ایک مرتبہ میرے دل میں کسی گناہ کی خواہش پیدا ہوئی۔ میں نے بہت سی حمائلیں لے کر اپنی ایک جیب میں ایک ایک حمائل رکھی۔ ایک حمائل ہاتھ میں رکھنے کی عادت ڈالی۔ بستر پر سامنے الماری پر، مکان کی کھونٹیوں پر، غرض کوئی جگہ ایسی نہ تھی جہاں قرآن سامنے نہ ہو۔ پس جب وہ خیال آتا قرآن سامنے ہوتا کہ اس پر عمل کرنا ضروری ہے۔ یہاں تک کہ نفس تنگ ہوگیا اور اس گناہ کا خیال ہی جاتا رہا۔

حالت بیماری میں روزہ نہ رکھنے کی حکمتیں

(26مئی 1909ء)

ایک مرتبہ میں نے رمضان کے مہینہ میں بحالت بیماری روزے رکھنے شروع کئے تو میرے دستوں کی بیماری رفع ہوگئی۔ میں نے سمجھا کہ یہ روزے تو اکسیر ہیں لیکن بعد میں میں نے دیکھا کہ میری قوت رجولیت بالکل جاتی رہی۔ میں نے سمجھا کہ بیماری کی حالت میں روزے رکھنا ایک غلطی تھی۔ یہ اس کی سزا ہے۔ 18 یا 19 دن تک خوب توبہ کی تب وہ کیفیت دور ہوئی۔

عیوب میں کمی

(25جنوری 1909ء)

میرا ایک دوست تھا اس میں بہت سے عیوب تھے میں نے اس سے کہا کہ تم لوگوں کو وعظ کیا کرو۔ اس نے اس پر عمل کیا اور اس کے بہت سے عیوب خود ہی کم ہوگئے۔

غلطی خوردہ شخص کا برا ہونا ضروری نہیں

(27جنوری 1909ء)

ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ تم فلاں شخص کو کیسا سمجھتے ہو۔ میں نے کہا بہت اچھا۔ اس نے پھر بہت اصرار سے کہا کہ تم بہت اچھا سمجھتے ہو؟ میں نے کہا ہاں۔ بعد میں اس نے کہا کہ وہ تو مرزا صاحب کو نہیں مانتا۔ میں نے کہا اگر اس کو ملک بھی مان لیں تب بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ ملائکہ نے ایک خلیفہ آدم (علیہ السلام) پر اعتراض وانکار غلطی سے کیا تھا۔

خدا کی راہ میں خرچ کرنے کی برکت

(20دسمبر 1906ء)

میں نے ایک مرتبہ کسی کا علاج کیا۔ ایک بڑھیا نے نذرانہ میں مجھ کو سکھوں کے وقت کا تانبے کا ایک پیسہ دیا۔ میں نے نہایت خوشی اور شکر گزاری کے ساتھ لے لیا اور اپنے دل میں سوچا کہ میں اس کو اگر خدا کے نام پر کسی کو دے دوں تو کم سے کم اس ایک پیسہ کے سات سو پیسے بنا سکتا ہوں (-) (سورۃ بقرہ رکوع:36)

محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب .... ترجمہ: مکرم محمد زکریا ورک صاحب

دوسری انٹرنیشنل یوتھ کانگریس اور جرمنی کی سیاحت

1948ء کا تباہ حال جرمنی جو تعمیر نو کے عمل سے گزر رہا تھا

نوٹ: یہ مضمون اس وقت کا ہے جب محترم ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کیمبرج یونیورسٹی برطانیہ کے طالب علم تھے۔

میں دوسری انٹرنیشنل یوتھ کانگریس میں شامل ہوا تھا جو میونخ میں 12 تا 20، اگست 1948ء منعقد ہوئی تھی۔ کانفرنس کا انعقاد باویرین یوتھ رنگ نے کیا تھا جو کہ نوجوانوں کی غیر سرکاری آرگنائزیشن ہے مگر اس کو سپانسر امریکن ملٹری حکام نے کیا تھا۔ کانگریس میں ایک ہزار کے قریب جرمن اور غیر ملکی وفود شامل ہوئے تھے۔ مغربی یورپین ممالک کے علاوہ ساؤتھ امریکہ کے ممالک، ہندوستان، مصر، شام اور پاکستان کی نمائندگی یہاں کی گئی تھی۔ روس کا کوئی نمائندہ یہاں نہیں تھا نہ ہی روس کے زیر اثر مشرقی جرمنی سے کوئی نمائندہ آیا تھا۔ میرے علاوہ پاکستان کے چار نمائندوں کی توقع تھی مگر صرف ایک ہی یہاں پہنچ سکا تھا۔ چنانچہ دوسرے وفود کی نسبت ہم نا موافق صورت حال میں تھے کیونکہ ہندوستان کے وفد میں 80 رکن تھے، جبکہ سوئٹزرلینڈ اور فرانس کے وفد میں 150 رکن تھے۔

جرمنی کی سرحد میں داخل ہونے کے ساتھ ہی تمام اخراجات باویرین یوتھ رنگ نے ادا کئے تھے۔ غیر ملکی مہمان جن کی عمر تیس سال سے اوپر کی تھی، ان کو میونخ کے شہر میں ٹھہرایا گیا تھا، کچھ کو ہوٹلوں میں اور کچھ کو نجی اقامت گاہوں میں ٹھہرایا گیا تھا۔ تیس سال سے چھوٹی عمر کے نوجوانوں کے قیام کا انتظام ٹینٹوں میں تھا جو نمفن برگ پارک Nymphenburg Park میں لگائے گئے تھے۔ ٹینٹ ٹاؤن کا نام جو اسے دیا گیا تھا اس کو قریوں میں تقسیم کیا گیا تھا جس میں ہر قریہ کا اپنا منتظم تھا۔ ہر ٹینٹ میں جرمن اور غیر ملکی وفود کی یکساں تعداد قیام پذیر تھی۔ ہمارے گاؤں میں جرمن، مصری، ہندوستانی اور پاکستانی شامل تھے کیمپ کے اندر 200 کے قریب لڑکیاں بھی تھیں جن کے گاؤں بالکل الگ تھے۔ میں میونخ برطانوی وفد کے ہمراہ سفر کر کے گیا تھا۔ ہم پیرس میں سے ہو کر گزرے اور کارلز روحے Karlsruhe میں جو فرانس اور جرمنی کا سرحدی شہر ہے، ہمارا استقبال کانگریس کے منتظمین نے کیا تھا۔

یہاں ہم نے جرمن مہمان نوازی کا پہلا مزہ چکھا تھا۔ ٹرینیں بھری ہوئی تھیں، اتنی ہی جتنی کہ یہ پاکستان میں ہجوم سے بھری ہوتی ہیں لیکن غیر ملکی یعنی auslander کا لفظ بولنے سے ہمیں ہمیشہ بیٹھنے کیلئے سیٹ مل جاتی رہی۔ ایسے لگتا تھا گویا پوری جرمن قوم کو باور کرایا گیا تھا کہ انہوں نے غیر ملکیوں سے کس قسم کا برتاؤ کرنا ہے۔ رہائن ویلی Rhine Valley میں ہمارا بعض خوبصورت ترین دیہی علاقوں میں سے گزر ہوا جہاں چھوٹے چھوٹے گاؤں، سرسبز وادیاں اور دور میں پہاڑیاں جن کی چوٹیاں برف سے ڈھکی ہوئی تھیں۔ ٹرین کے اندر افسردہ چہرے اور بوسیدہ کپڑوں میں ہجوم اگر نہ ہوتے تو ہم شاید بھول جاتے کہ ہمارا جرمنی کبھی جانا ہوا تھا۔ گاہے بگاہے ہمارا گزر تباہ شدہ شہروں میں سے ہوتا تھا۔ جرمنی کے اندر آٹھ گھنٹے کے سفر کے بعد ہم میونخ پہنچ گئے جہاں بسیں ہمارا انتظار کر رہی تھیں اور رات گزارنے کیلئے ہمیں ہمارے ٹینٹ ویلیج میں بھیج دیا گیا۔

اگلی صبح باویرین یوتھ رنگ کے صدر نے سرکاری طور پر کانگریس کا افتتاح کیا۔ اس نے کہا کہ ''ہم نے کانگریس کا انعقاد اس لئے کیا ہے کہ جرمن لوگ غیر ملکی مہمانوں سے مل سکیں اور غیر ملکی جرمنی کے بارے میں مزید جان سکیں''، ہمیں چاہئے کہ ہم ہتھیاروں سے لڑنے کی بجائے روح کے ہتھیاروں سے لڑنا سیکھیں'' اس کی تقریر کے بعد کئی جرمن مقررین نے خطاب کیا۔

اس کے بعد باویریا کے امریکن ملٹری گورنر نے خطاب کیا۔ اس نے جرمن لوگوں سے مخاطب ہوتے ہوئے خاص طور پر تاکید کی'' کہ آج آپ کو یہ موقعہ فراہم کیا گیا ہے کہ آپ لوگ دنیا پر ثابت کر دیں کہ آپ امن چاہتے ہیں، اور دوسروں سے ایسے سبق حاصل کریں جو نازی حکومت کے دوران آپ کو فراہم نہیں کئے گئے تھے۔''

ان تقاریر کا سلسلہ سارا دن جاری رہا بلکہ پورے ہفتہ ہی جاری رہا۔ لیکن کانگریس کے انعقاد کا اصل مقصد یہ نہیں تھا۔ سرکاری پروگرام میں نمائش دیکھنا، آپیراز اور بیلے میں جانا اور ڈرامائی پرفارمنس دیکھنا شامل تھا اور اس سے زیادہ ضروری بحث و مباحثہ کے اجلاسوں میں شامل ہونا تھا۔ میں سرکاری پروگرام کے ان حصوں کا مختصر طور پر ذکر کروں گا جن میں میں شامل ہوا تھا کیونکہ ایک ہی وقت پر اتنے پروگرام ہو رہے تھے کہ انسان ہر ایک میں شامل نہیں ہو سکتا تھا۔ یہ دراصل کیمپ لائف تھی اور ایسا کیمپ جہاں یوتھ کانگریس کا اصل کام سرانجام پاتا تھا۔ میونخ کی شہرت ہمیشہ آرٹسٹک پرفارمنس کی وجہ سے رہی ہے۔ اگر جنگ عظیم کی وجہ سے کوئی چیز متاثر نہیں ہوئی تو وہ میونخ لائف کا یہ رخ ہے۔ کانگریس کے منتظمین نے فراخدلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہمیں تفریح کے پروگراموں کیلئے مفت ٹکٹ دے دئے تھے۔

ہمیں مختلف مباحثوں کے گروہوں میں تقسیم کر دیا گیا تھا اور ہر ایک کے ذمہ حالات حاضرہ کے مسائل میں سے کسی مسئلہ کا حل تلاش کرنا تھا۔ میں نے جس بحث میں حصہ لیا اس کا عنوان تھا: **عورتوں کی زیادتی کا معاشرتی مسئلہ**۔ ہمیں بتایا گیا کہ جرمنی میں شادی کے قابل نوجوانوں میں ہر 100 آدمیوں کیلئے 196 عورتیں تھیں۔ میں اور کچھ مصری جو اسی گروپ میں شامل تھے، ہم نے ایک سے زیادہ عورتوں سے شادی کا دینی حل تجویز کیا۔ یہ گفتگو تین دن تک جاری رہی۔ بعض جرمنوں نے ہمیں بتلایا کہ جرمنی میں خفیہ طریقوں سے تعدد ازدواج پر عمل ہو رہا ہے، ہم لوگ جذباتی وجوہات کی بناء پر اس سے مصلحت نہیں کر سکتے۔ میں نے ان کو پاکستان کے اعداد و شمار پیش کئے اور بتایا کہ ہم نے اس مسئلہ کو یوں الٹا کر دیا ہے کہ اب 100 مردوں کیلئے 85 عورتیں ہیں۔

کیمپ میں ہماری غذا تسلی بخش تھی مگر مرغوب نہیں تھی۔ ہمارا دن ناشتہ سے شروع ہوتا جس میں بلیک بریڈ، جام اور جرمن کافی ہوتی تھی، دوپہر کے لنچ میں سوپ، آلو جن پر گوشت کی خوشبو چڑھائی ہوتی تھی شامل تھا۔ رات آٹھ بجے ہمیں پنیر اور ڈبل روٹی (بریڈ) کا ٹکڑا دیا جاتا تھا۔ ہمیں بتایا گیا کہ ہمارا پنیر کا راشن اتنا ہی تھا جتنا کہ یہ جرمن کا ہفتہ وار راشن تھا۔ پورا دن ہماری باتیں سننے والے شوقین مل جاتے جو ہمارے بارے میں، پاکستان اور اس کے مسائل کے بارے میں جاننے کا شوق رکھتے تھے۔ ان کیلئے غیر ملکی پر اسرار لوگ تھے کیونکہ انہوں نے کبھی زندگی بھر اتنے سارے دنیا کے مختلف علاقوں سے آئے غیر ملکی نہیں دیکھے تھے۔ مقامی لوگ ہمیں گھومنے پھرنے کیلئے شہر لے جانا چاہتے تھے، وہ ہمیں تفریح کی چیزیں دکھانا چاہتے، ہماری خدمت کرنا چاہتے اور وہ دلی طور پر مطمئن دیکھنا چاہتے تھے۔ ایسے محسوس ہوتا تھا کہ گویا ان کو ایسا کرنے کیلئے ہدایات دی گئی تھیں۔ ان کا اس طرح ہمارا خیال رکھنا اور چھوٹے چھوٹے نقص درگزر کر دینا، ہمارے اندر جوش پیدا کرتا تھا۔

کیمپ سے باہر زندگی کے سنگین رخ تھے۔ جرمنی کی طویل ترین تاریخ میں یہ کبھی اتنا اوندھا نہیں ہوا تھا۔ جرمن مسائل بنیادی تھے یعنی روٹی، کپڑا اور مکان۔ میں نے اپنے اردگرد جو کچھ دیکھا وہ مختصر طور پر عرض کئے دیتا ہوں۔ یاد رہے کہ باویریا میں کوئی بڑی صنعت نہیں تھی اور یہاں جرمنی کے دوسرے علاقوں کی نسبت کم تباہی ہوئی تھی۔ جرمنی کی غذا کی صورت حال بلاشبہ تشویشناک تھی۔ گوشت کا ماہانہ راشن چار اونس تھا جبکہ چینی، تیل اور پنیر کیلئے اس سے بھی کم تھا۔ ایک مہینہ کیلئے ان کو پچاس پاؤنڈ بریڈ ملتی تھی اور ایسے لگتا تھا کہ یہی سیاہ، خشک بریڈ ان کو زندہ رکھتی تھی۔ ان کو کوئی دودھ، چائے اور یا کافی نہیں ملتی تھی۔ کافی کا انہوں نے نعم البدل تلاش کر لیا تھا جو کڑوی ترین بوٹی سے بنا ہوا ہے۔ اس قسم کی کافی نصف مارک میں ملتی تھی جبکہ اصلی کافی کا ایک کپ بلیک مارکیٹ میں 25 مارک میں مل جاتا تھا۔

پھر کرنسی کا مسئلہ تھا۔ جب میں وہاں تھا تو نئی کرنسی ابھی ملک میں جاری نہیں ہوئی تھی۔ اس لئے میرے تمام مشاہدات کا تعلق پرانے رائج مارک Reich Mark سے ہے۔ جرمنی میں اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ اور سکے کی قدر میں کمی تھی۔ دکانوں میں فروخت کرنے کیلئے کچھ بھی نہیں تھا۔ جرمنی میں دو طبقے بسے ہوئے تھے۔ ایک تو وہ طبقہ جس نے بلیک مارکیٹ میں کئی ملین مارک کمائے تھے اور دوسرا طبقہ وہ تھا جس کے پاس واقعی کچھ بھی نہیں تھا۔ میونخ کی ورکنگ کلاس کی معاشرتی صورت حال جاننے کیلئے ہم نے ایک سروے کیا۔ جن لوگوں کا انٹرویو کیا گیا ان میں دو ایسے محنت کش تھے جو جنگ سے قبل شاپ اسسٹنٹ تھے۔ مگر جنگ کے دوران بمباری کے بعد اب وہ بلڈنگوں کی بنیادوں سے اینٹیں ہٹا رہے تھے تا نئی بنیادیں بنائی جا سکیں۔ یہ دونوں ہفتہ میں 48 گھنٹے کام کرتے اور دونوں ایک ہی کمرہ میں رہائش پذیر تھے جس کیلئے ہر ایک پچاس مارک ادا کر رہا تھا۔ ان میں سے ہر ایک کے سرکاری راشن کی قیمت 35 مارک تھی۔ یوں ان کے پاس 55 مارک رہ جاتے تھے جس سے وہ بلیک مارکیٹ میں اپنے لئے مزید راشن خریدتے، یا سگریٹ خریدتے جس کی قیمت پانچ مارک تھی یا پھر وہ کوئی نیا کپڑا خرید سکتے تھے۔

ہم نے ایک اور خاندان کا انٹرویو کیا جو سیلیسیا Silesia سے ریفیوجی (مہاجر) تھے جو اب پولینڈ کا حصہ ہے۔ وہ لکڑی کے بنے جھونپڑے میں رہ رہے تھے جو ایک کھلی جگہ پر بمباری کے بعد علاقہ صاف کرنے کے بعد بنایا گیا تھا۔ یہ جھونپڑا صاف اور دھوپ دار تھا لیکن یہ ایک قسم کا معجزہ تھا کہ کس طرح چھ افراد اس کے اندر گھسے ہوئے تھے۔ انہوں نے ان کیڑے مکوڑوں کے بارے میں شکایت کی جو ان کو دن رات تنگ کرتے تھے۔ انہوں نے فوڈ تقسیم کرنے والے کارندوں کی رشوت بازی کے بارے میں شکایت کی اور یہ باویرین لوگ ان پناہ گزینوں سے ہمدردی نہیں رکھتے تھے جو جرمنی کے دوسرے علاقوں سے یہاں وارد ہوئے تھے۔ وہ واپس چلے جانا چاہتے تھے مگر حقیقت میں ایسا ہونا ناممکن تھا۔ ان جیسے لوگوں کیلئے مختلف رنگوں والے فضول چیتھڑے بھی اشد طور پر بنیادی اہمیت کے تھے۔

جرمن لوگ جنگ کے بارے میں بات چیت کرنے سے ہچکچاتے تھے۔ جنگ کے بارے میں ان کے ذہنوں میں قصور وار ہونے کا تصور نہیں تھا۔ یہ تو نازی پارٹی تھی جس نے ایسا کیا تھا اور اس کیلئے وہ ہرگز ذمہ دار نہیں تھے۔ ہٹلر کے بارے میں مجھے کئی بار یقین دہانی کرائی گئی کہ اس نے عوام کو ہپناٹائز کر دیا تھا۔ ہٹلر کے خلاف کوئی مزاحمت نہیں کر سکتا تھا کیونکہ اس کی فوجوں میں ان کے بیٹے، بھائی لڑائیوں میں برسرپیکار تھے۔ وہ لوگ خاموش، ناخوش اور صبر والے تھے۔ انہوں نے کوئی شکوہ شکایت نہ کیا۔ یہ لوگ ابھی

تک اپنی شکست سے حواس باختہ تھے۔ قریب قریب جس کسی شخص سے میں ملا اس نے لڑائی میں کوئی نہ کوئی رشتہ دار کھودیا تھا۔ اگر وہ اس بارے میں تلخ تھے تو وہ اس کا اظہار نہیں کرتے تھے۔ دراصل وہ اس کو فراموش کر دینا چاہتے تھے۔ وہ نہ صرف اس جنگ کو بھول جانا چاہتے تھے جس میں سے وہ گزرے تھے بلکہ آنیوالی جنگ کو بھی جو اس وقت جرمن سرزمین پر لڑی جارہی تھی۔ میونخ جاتے ہوئے میں ایک جرمن انجینئر سے بات چیت کر رہا تھا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ مشرق و مغرب کی اس جنگ میں جرمنی کا مستقبل کیا ہوگا؟ اس نے منہ بسورتے ہوئے کہا: ''جرمنی کا آدھا حصہ دوسرے آدھے حصہ سے برسرپیکار ہوگا۔ ہمیں طرفین کو سپاہی فراہم کرنا ہوں گے'' اور پھر کچھ دیر سوچنے کے بعد اس نے کہا: ''میرے چار بچے ہیں دو بیٹے اور دو بیٹیاں، بیٹے سپاہی بن کر لقمہ اجل بن جائیں گے اور لڑکیوں کا کیا انجام ہوگا یہ خدا ہی جانتا ہے۔''

جرمنی پر دوسرے ممالک کے قبضہ کے بظاہر کوئی آثار نظر نہیں آتے تھے، کم ازکم میونخ میں ایسا نظر نہیں آتا تھا۔ میرا واسطہ شاذونادر ہی کسی امریکن سپاہی سے پڑا، شہروں میں تمام کی تمام پولیس جرمن تھی۔ غیرملکی تسلط کے آثار اس بات میں نظر آتے تھے کہ جرمن عوام کی بھاری تعداد انگلش بولتی تھی اور وہ بھی یانکی Yankee تلفظ کیساتھ، اور ریلوے سٹیشنوں پر لکھا ہوتا تھا کہ یہ داخلے کا راستہ امریکنوں کیلئے ہے جبکہ دوسروں کیلئے لکھا ہوتا تھا عوام کیلئے داخلے کا راستہ۔

جرمنوں نے ہمیں یقین دلانے کی کوشش کی کہ وہ غیر ملکی تسلط کے بارے میں ہرگز فکرمند نہیں ہوتے تھے۔ لیکن دلی طور پر جو وہ محسوس کرتے تھے بعض دفعہ اس کا اظہار نادانستہ طور پر ہو ہی جاتا تھا۔ میں ہمبرگ سے آئی ایک لڑکی سے بات چیت کر رہا تھا۔ اس نے مجھے ہمبرگ کی پے درپے بمباری کے بارے میں بتلایا، جب وہ شہر کے ایک علاقہ پر بمباری کر چکتے، تو اگلے روز پھر عین اسی جگہ پر بمباری شروع کر دیتے جہاں انہوں نے پچھلے روز اس کو ختم کیا تھا۔ میں نے اس سے پوچھا آیا اس بمباری کیلئے کوئی جواز تھا؟ خدا گواہ، ہرگز ہرگز نہیں، اور پھر اس نے چلاتے ہوئے کہا ''یہی وجہ ہے کہ ہم ان سے نفرت کرتے ہیں'' اس کے بعد فوراً اپنی بات کی اصلاح کرتے اس نے ہوئے کہا: ''ہم کیوں ان سے نفرت کرتے ہیں؟'' مگر اب تو اس کے دل کا راز افشا ہو چکا تھا۔

اور پھر جرمنوں نے گانا شروع کر دیا۔ ان کی یہ عادت حیران کن تھی۔ یہ لوگ کسی بھی جگہ کسی بھی وقت گاسکتے تھے یعنی نہاتے ہوئے، کھاتے ہوئے، پیتے ہوئے، گاڑیوں کے اندر اور سڑکوں کے فٹ پاتھ پر۔ ایک شخص گانا شروع کرتا اور پچاس افراد اس کے ساتھ شامل ہوجاتے تھے۔ وہ سورج، ستاروں اور اپنی محبوبوں کے بارہ میں گاتے تھے، یوں وہ سب مل کر اپنے اوپر عالم اسرار کی کیفیت وارد کر لیتے تھے جو کہ ان کی نسل میں خاص وصف ہے۔ ہم مشرق کے لوگ بھی جذباتی ہیں، ہم بھی ان کی طرح پُراسرار ہیں۔ لیکن ہماری پر اسراریت انفرادی ہے۔ آخری رات جب کیمپ نے ختم ہوجانا تھا ہم نے اس رسم میں شرکت کی جس کو وہ کیمپ فائر کا نام دیتے ہیں۔ ہجوم کے عین درمیان میں آگ سلگائی گئی تھی اور لوگوں نے تقاریر کیں جس کا مخاطب یہ آگ تھی۔ ہر کوئی سنجیدہ تھا جس سے گھبراہٹ ہوتی تھی۔ رفتہ رفتہ سب لوگ ایسی کیفیت مزاج میں چلے گئے جہاں وہ اچھا یا برا کرنے کی اہلیت رکھتے تھے۔ میرے پاس کھڑی ایک لڑکی زاروقطار رو رہی تھی۔ اب اس کی باری تھی کہ وہ تقریر کرے۔ اس بات کا شدید خطرہ ہے کہ کہیں جرمن قوم ایک بار پھر کسی اور مہم جُو آمر کے ہتھے نہ چڑھ جائے۔

لیکن میں چاہتا ہوں کہ اس مضمون کو داد وستائش کے ساتھ ختم کروں۔ محض یہ بات کہ تمام قوموں میں سے جرمن قوم نوجوانوں کیلئے ایسے اجلاس کر رہی ہے، یہ بات اس قوم کے جوش و جذبہ پر دلالت ہے اور کم ازکم ان میں سے چند افراد کے ویژن پر۔ ان جرمن لڑکوں اور لڑکیوں نے ہمارے ساتھ بہت ہی اچھا سلوک کیا یہ بذات خود قابل تحسین ہے۔ کچھ بھی کہہ لیں کانگریس کی کامیابی کم ازکم اس بات میں ہے کہ بہت سارے لوگ جرمنی کو پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ 20 تاریخ کو جب ہم نے الوداع کہا ہمارے دل حزین تھے۔ ہمیں یوں محسوس ہوا کہ گویا ہم اپنے پیچھے پیارے دوست چھوڑ کر جا رہے ہیں۔

(بشکریہ رسالہ راوی، نومبر 1951ء گورنمنٹ کالج لاہور)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ماخوذ

ٹائیفائیڈ علامات، علاج اور حفاظتی تدابیر

ٹائیفائیڈ (میعادی بخار) ایک خطرناک بیماری ہے جو سلمونیلا ٹائیفی جرثومہ سے پیدا ہوتی ہے۔ ٹائیفائیڈ ترقی پذیر ممالک میں ایک عام بیماری ہے، خاص کر ایشیائی ممالک میں۔ ہر سال 20 لاکھ افراد ٹائیفائیڈ کا شکار ہوتے ہیں۔ جن میں سے 6 لاکھ افراد موت کا شکار ہوجاتے ہیں۔ ان میں سے 70% افراد ایشیائی ممالک سے تعلق رکھتے ہیں۔ گزشتہ چند سالوں میں یہ بیماری ترقی یافتہ ممالک سے غائب ہوتی نظر آرہی ہے، لیکن ترقی پذیر ممالک میں یہ بیماری آج بھی صحت کا ایک شدید اور خطرناک مسئلہ ہے۔

ٹائیفائیڈ بخار کی علامات

ٹائیفائیڈ بخار میں مریض کو مسلسل 104°-103° درجے بخار رہتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مریض کمزوری، پیٹ اور سر کے درد اور بھوک نہ لگنے کی شکایت بھی کرتا ہے۔ بعض صورتوں میں مریض کے جسم پر چپٹے سرخ رنگ کے نشانات ابھرآتے ہیں۔

ٹائیفائیڈ متعدی ہے

سلمونیلا ٹائیفی جرثومہ مریض کے خون اور آنتوں میں پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کچھ لوگ جو اس بیماری سے متاثر ہوئے ہوں ٹائیفائیڈ بخار کے carriers ہو سکتے ہیں۔ یعنی ٹائیفائیڈ بخار صحیح ہوجانے کے باوجود ان کے جسم میں ٹائیفائیڈ بخار کے جرثومہ زندہ رہتے ہیں۔ ٹائیفائیڈ بخار کے مریض ہوں یا carrier دونوں کے پاخانے میں سلمونیلا ٹائیفی کے جراثیم ملتے ہیں۔

کسی بھی شخص کو ٹائیفائیڈ بخار ہوسکتا ہے اگر وہ سلمونیلا ٹائیفی سے آلودہ پانی یا کھانے کو کھائے پیئے۔ اس کے علاوہ اگر وہ Carrier کے تیار کردہ کھانے کو کھائے تو اس سے بھی اس کو ٹائیفائیڈ ہوسکتا ہے یہ بیماری دنیا کے اس حصے میں زیادہ پائی جاتی ہے جہاں لوگ صحت اور صفائی کے اصولوں پر عمل نہ کرتے ہوں اور جہاں پینے کا پانی آلودہ ہوتا ہو۔

انسان کے جسم میں سلمونیلا ٹائیفی کا جرثومہ داخل ہوکر تیزی سے تعداد میں بڑھتے ہیں اور خون کے بہاؤ میں شامل ہوجاتے ہیں۔ انسان کا جسم بخار اور دوسری علامات سے اس کا اظہار کرتا ہے۔

حفاظتی ٹیکہ اور اس کی اہمیت

مندرجہ ذیل لوگوں کو لازماً ٹیکہ لگوانا چاہیے۔

☆ سکول جانے والے بچوں اور نوجوانوں کو۔

☆ ان افراد کو جو ایسے علاقوں میں رہتے ہیں جہاں ٹائیفائیڈ بخار صحت کا سنگین مسئلہ ہو۔

☆ جہاں اینٹی بایوٹک سے مزاحمت پیدا ہوچکی ہو، اور جہاں سلمونیلا ٹائیفی جراثیم بڑی تعداد میں پائے جاتے ہوں۔

مستقل سفر کرنے والے افراد کو بھی تجویز کیا جاتا ہے کہ وہ ایشیا، افریقہ اور جنوبی امریکہ میں سفر کرنے سے پہلے حفاظتی ٹیکہ لگوا لیں۔ کیونکہ ان علاقوں میں ٹائیفائیڈ بخار ایک عام بیماری ہے۔ اس کے علاوہ یہ ٹیکہ ان لوگوں کو بھی لگانا چاہئے جن کا ٹائیفائیڈ بخار کے carrier سے مستقل واسطہ رہتا ہے۔

